روزری اور کاتھولک مسیحی

ہم سبھی جانتے ہیں کہ پاک ماں کیتھولک کلیسیاء نے مئی اور اکتوبر کے مہینے مقدسہ ماں مریم کی اقدس روزری کے نام منسوب کیے ہیں۔اور جب بھی روزری کے مہینے آتے ہیں تب کچھ غیر کاتھولک مسیحی مقدسہ مریم کی اقدس روزری پڑھنے پر مختلف اعتراضات کرتے ہیں کہ کاتھولک کلیسیاء روزری کیوں پڑھتے ہیں؟ کیا بائیبل مقدس میں روزری کا ذکر ملتا ہے؟ کیا روزری پڑھنے سے ہم خدا کے نزدیک جا سکتے ہیں؟ کیا روزری پڑھنے سے ہم روحانی قوت حاصل کر سکتے ہیں؟ کلیسیا میں اقدس روزری کا آغاز کیسے ہوا؟ کیا روزری کے 20 بھید پاک کلام میں سے لئے گئے ہیں؟اور نا جانے ایسے کتنے سوال سننے کو ملتے ہیں۔ان تمام سوالات کے جوابات مسیحی ایمان اور عقیدہ سے جاننا ضروری ہے تا کہ ہم اپنے ایمان میں مضبوط رہتے ہوئے اپنی زندگی میں خدا کی محبت اور فضل کا تجربہ کرتے رہیں۔

کہا جاتا ہے کہ ایک دفعہ مقدسہ مریم مقدس دومینک کو رویا میں ملیں اور انہوں نے آپ کو گلاب کے پھولوں کی ایک مالا دکھائی اور کہا اِس روزری کو روزانہ پڑھو اور اسے دوسروں کو بھی سیکھاؤ۔اُس طرح سچا ایمان فروغ پائے گا۔اسی وجہ سے بے شک پاک روزری آپ سے کہیں پہلے آغاز رکھتی ہے مگر چونکہ آپ نے ہی اِس کو

عام کیا یہ آپ ہی کے نام سے منسوب کی جاتی ہے۔ ابتدا میں پھولوں کی مالا پر، بعد میں موتیوں کی مالا پر مخصوص دُعائیں اور ورد کرنا ایک خاص روایت بن گئی۔ پاپائے اعظم پائس پنجم نے 7 اکتوبر 1571 میں خاتونِ روزری کی عید مقرر کی۔

پاپائے اعظم گریگوری تیرھویں نے اس عید کو اقدس روزری کا نام دیا۔ پاک روزری کی عبادت روحانی دھیان و گیان کی عبادت ہے نیز یہ پاک کلام کا مختصر جائزہ لینے میں مدد فراہم کرتی ہے۔ مومنین روزری پڑھنے سے روحانی طاقت حاصل کرتے ہیں۔ اقدس روزری میں یسوع مسیح کی زندگی کے 20 مختلف واقعات بیان کیئے گئے ہیں جو ہمارے ایمان کی بنیاد ہیں۔ روزری کی عبادت ہمیں خدا کی قربت، اس کے منصوبہِ نجات نیز یسوع مسیح کی زندگی کا روحانی اور ایمانی سفر کرواتی ہیں۔ روزری کی عبادت میں شامل ہوکر ہر مومن خدا سے اپنا رشتہ اور تعلق مضبوط کرتا ہے نیز مقدسہ مریم سے اپنی عقیدت اور محبت ظاہر کرتا ہے۔

روزری کی عبادت شیطان کے خلاف مضبوط ہتھیار ہے۔ روزری پڑھنے سے خاندان میں امن، صلح، سلامتی اور اتحاد پیدا ہوتا ہے جو خاندان ہر روز شام کے وقت روزری کی عبادت کرتے ہیں وہ خوشحال اور دعائیہ زندگی میں مضبوط رہتے ہیں۔

کاتھولک ایمان کے مطابق مقدسہ مریم کی عیدیں، زیارتیں، تہوار منانا کلیسیا کی اولین ترجیح ہے کیونکہ یسوع مسیح کے ساتھ مقدسہ مریم کی عقیدت اور پیار یکساں ہی ہے۔ ماں اور بیٹے کا رشتہ گہرا ہوتا ہے کوئی بھی اس رشتے کو ختم نہیں کرسکتا اس لئے کاتھولک مقدسہ مریم کے ساتھ اپنا پیار اور عقیدت دکھاتے ہیں۔ خدا ہم سب کو فضل عطا کرے کہ ہم ماں مریم کی روزری پڑھتے جائیں اور اس بابرکت مہینے میں مقدسہ مریم کی سفارشوں کی بدولت خدا سے برکات حاصل کرتے رہیں۔ آمین